روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 21 جنوری 2009ء 23 محرم 1430 ہجری 21 صلح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 16

تمہاری کیا آرزو ہے

حضرت ربیعہ بن کعبؓ آنحضرت ﷺ کے خادم تھے۔ایک بار آنحضرت ﷺ نے ان سے فرمایا مجھ سے مانگو تمہاری کیا آرزو ہے۔انہوں نے عرض کیا میری تو صرف اتنی خواہش ہے کہ جنت میں بھی آپ کی رفاقت نصیب ہو۔فرمایا کوئی اور خواہش بھی ہے عرض کیا نہیں۔تو فرمایا اپنے لئے کثرت سجود سے میری مدد کرو۔

(صحیح مسلم کتاب الصلوٰۃ باب فضل السجود حدیث نمبر:753)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت مسیح موعود قرآن کریم کی بعض آیات کے حوالہ سے فرماتے ہیں۔

اے لوگو! تم اس خدائے واحد لاشریک کی پرستش کرو جس نے تم کو اور تمہارے باپ دادوں کو پیدا کیا چاہئے کہ تم اس قادر توانا سے ڈرو جس نے زمین کو تمہارے لئے بچھونا اور آسمان کو تمہارے لئے چھت بنایا اور آسمان سے پانی اتار کر طرح طرح کے رزق تمہارے لئے پھلوں میں سے پیدا کئے۔سو تم دیدہ دانستہ انہیں چیزوں کو خدا کا شریک مت ٹھہراؤ جو تمہارے فائدہ کے لئے بنائی گئی ہیں۔خدا ایک ہے جس کا کوئی شریک نہیں وہی آسمان میں خدا ہے اور وہی زمین میں خدا۔وہی اول ہے اور وہی آخر۔وہی ظاہر ہے وہی باطن۔آنکھیں اس کی کنہ دریافت کرنے سے عاجز ہیں اور اس کو آنکھوں کی کنہ معلوم ہے وہ سب کا خالق ہے اور کوئی چیز اس کی مانند نہیں اور اس کے خالق ہونے پر یہ دلیل واضح ہے کہ ہر یک چیز کو ایک اندازۂ مقرری میں محصور اور محدود پیدا کیا ہے جس سے وجود اس ایک حاصر اور محدد کا ثابت ہوتا ہے اس کے لئے تمام محامد ثابت ہیں اور دنیا و آخرت میں وہی منعم حقیقی ہے اور اسی کے ہاتھ میں ہر یک حکم ہے اور وہی تمام چیزوں کا مرجع و مآب ہے۔خدا ہر یک گناہ کو بخش دے گا جس کے لئے چاہے گا۔پر شرک کو ہرگز نہیں بخشے گا۔سو جو شخص خدا کی ملاقات کا طالب ہے اسے لازم ہے کہ ایسا عمل اختیار کرے جس میں کسی نوع کا فساد نہ ہو اور کسی چیز کو خدا کی بندگی میں شریک نہ کرے۔تو خدا کے ساتھ کسی دوسری چیز کو ہرگز شریک مت ٹھہراؤ خدا کا شریک ٹھہرانا سخت ظلم ہے۔تُو بجز خدا کے کسی اور سے مرادیں مت مانگ سب ہلاک ہو جائیں گے ایک اُسی کی ذات باقی رہ جاوے گی۔اسی کے ہاتھ میں حکم ہے اور وہی تمہارا مرجع ہے۔

(براہین احمدیہ۔روحانی خزائن جلد 1 صفحہ 520)

یہ جو قرآن مجید میں فرمایا ہے کہ میں شرک نہیں بخشوں گا۔اس کا مفہوم نادانوں نے اتنا ہی سمجھ لیا ہے کہ اس سے بت پرستی مراد ہے۔نہیں اتنی ہی بات نہیں بلکہ اس سے وہ سب محبوب مراد ہیں جو انسان اپنے لئے بنا لیتا ہے ایسے لوگ دیکھے گئے ہیں کہ جب انہیں ذرا بھی تکلیف یا مصیبت پہنچے یا کوئی اولاد مر جاوے تو فوراً خدا تعالیٰ سے تعلق توڑ بیٹھتے ہیں اور شکوہ اور شکایت کرنے لگتے ہیں۔یہ سخت مشرک اور اپنی جان پر ظلم کرنے والے ہیں۔پس تم ایسے مت بنو اور اس قسم کے خیالات کو دل سے نکال دو اور اس کی ترکیب یہی ہے کہ نہایت خشوع اور خضوع کے ساتھ اپنی نمازوں میں دعائیں کرو اور اس کی توفیق چاہو۔ (ملفوظات جلد پنجم ص 97)

یاد رکھو۔شرک کی کئی قسمیں ہوتی ہیں۔ان میں سے ایک شرک جلی کہلاتا ہے دوسرا شرک خفی۔شرک جلی کی مثال تو عام طور پر یہی ہے۔جیسے یہ بت پرست لوگ بتوں، درختوں یا اور اشیاء کو معبود سمجھتے ہیں۔اور شرک خفی یہ ہے کہ انسان کسی شئی کی تعظیم اسی طرح کرے جس طرح اللہ تعالیٰ کی کرتا ہے۔یا کرنی چاہئے۔یا کسی شئی سے اللہ تعالیٰ کی طرح محبت کرے۔یا اس سے خوف کرے یا اس پر توکل کرے۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 448)

مجلس انصاراللہ اور وقف عارضی

مجلس انصاراللہ پاکستان کے تمام ناظمین اضلاع و علاقہ کو 2009ء کے ٹارگٹ وقف عارضی سے مطلع کیا جا چکا ہے۔براہ کرم شروع سال سے اس کے حصول کے لئے کوشش فرمائیں اور تمام واقفین عارضی وقف کا عرصہ مکمل کرنے کے بعد مختصر رپورٹ سے بھی مطلع فرمائیں کیونکہ اس کے بغیر تو فارم محض ایک وعدہ ہے۔

اسی طرح تمام ناظمین کو گزشتہ سال کی کارکردگی کا جائزہ بھی بھجوا دیا گیا ہے۔اس سے آگے بڑھنے کی کوشش کریں۔اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو۔اور امام وقت کی تحریک پر لبیک کہنے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین

(قائد تعلیم القرآن و وقف عارضی مجلس انصاراللہ پاکستان)

نیورو فزیشن کی آمد

مکرم ڈاکٹر رفیق احمد بشارت صاحب نیورو فزیشن مورخہ 25 جنوری 2009ء کو آؤٹ ڈور گراؤنڈ فلور فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ کرینگے۔ضرورت مند احباب و خواتین سے گزارش ہے کہ وہ ان کی خدمات سے استفادہ کیلئے ہسپتال تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی رجسٹریشن کروالیں۔مزید معلومات کیلئے استقبالیہ سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

گاڑی برائے فروخت

ایک عدد گاڑی Toyota Corrolla 2.0D ڈیزل ماڈل 2002ء سفید رنگ اچھی حالت میں جماعتی ادارہ کے زیر استعمال فروخت کرنا مقصود ہے۔خواہشمند احباب حسب ذیل فون نمبر پر مکرم فرید الرحمٰن احمد صاحب سے رابطہ کریں۔

موبائل:0346-5018365

وقف عارضی کی عظیم برکات

مرسلہ: قائد تعلیم القرآن و وقف عارضی مجلس انصار اللہ پاکستان

اللہ کی طرف سے خوشخبری

مکرم چوہدری محمد طفیل صاحب وقف عارضی کی رپورٹ میں لکھتے ہیں:۔

’’خدا کے فضل سے عاجز نے پوری کوشش کی۔ کہ کسی سے بھی کوئی معمولی چیز بھی کھانے کے لئے نہ تو طلب کروں اور نہ ہی استعمال کروں۔ ہر چند احباب نے مجبور کیا کہ چائے کی پیالی۔ جوار کے بھٹہ جات وغیرہ کا کیا حرج ہے لیکن میرے جواب پر کہ میں تو اپنے امام والا شان کے حکم کی پوری پوری تابعداری کروں گا۔ چنانچہ بیت الذکر میں ان دنوں جو تیل جلتا رہا۔ (عاجز نے بیت میں ہی رہائش رکھی) اس کی قیمت بھی ادا کردی۔ جس کا احباب پر اور خاص طور پر غیر از جماعت احباب پر اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہت ہی اچھا اثر ہوا۔ پہلی رات کھانے کا کوئی انتظام نہ ہو سکا۔ صدر صاحب نے کافی زور دیا کہ آج تو آپ ہمارے مہمان ہیں ایک وقت کے کھانے کا کیا حرج ہے مگر میں رات بھوکا ہی سو رہا۔ صبح بھی معمولی سے چنے ایک دکان سے لئے اگلی رات جا کر کوئی انتظام ہوا۔ میرے خیال میں اگر انسان مضبوط ارادہ کرے تو کوئی وجہ نہیں کہ حضور کے منشاء مبارک پر نہ چل سکے۔ لوگ برسوں عبادت کرتے رہتے ہیں۔ بڑی سے بڑی قربانیاں بھی کرتے ہیں۔ لیکن خلیفہ وقت کے حکم کے ماتحت ایک ادنیٰ اور حقیر قربانی بھی اللہ تعالیٰ قبول فرما لیتا ہے اور پھر مجھ جیسے نالائق اور بے حقیقت انسان کی۔ چنانچہ واپسی پر اگلی صبح کی نماز کے بعد عاجز سو گیا۔ دیکھتا ہوں کہ میں وضو کر رہا ہوں مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے آواز آئی کہ تو جنتی ہے۔ الحمدللہ

حضور والا شان کا مجھ جیسے ادنیٰ غلاموں پر کتنا احسان عظیم ہے کہ ایک جست میں بیڑا پار کرا دیا۔ میرے سب سے زیادہ پیارے آقا میری نہایت ہی عاجزانہ اور آبدیدہ آنکھوں سے التجا ہے کہ میرے لئے خاص طور پر دعا فرمائی جائے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے آنجناب کی پوری پیروی کی توفیق عطا فرمائے۔ کیونکہ اسی میں ہی اللہ تعالیٰ کی رضامندی ہے۔

(الفضل 12 نومبر 1967ء)

میرے کام اللہ نے کردیئے

مکرم چوہدری نذیر احمد صاحب باجوہ ساہیوال وقف عارضی کی رپورٹ میں لکھتے ہیں:۔

’’اپریل 1967ء میں اللہ تعالیٰ نے خاکسار کو اپنے خاص فضل و کرم سے حضور پُرنور کی عارضی وقف کی تحریک پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائی۔ حالانکہ ان دنوں خاکسار کا ایک مکان چیچہ وطنی میں زیر تعمیر تھا اور گندم کی کٹائی بھی ہو رہی تھی جبکہ زمیندار کو بڑی نگرانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ مگر جونہی حضور کا وقف عارضی کا ارشاد ملا خاکسار سب امور کو اللہ تعالیٰ کے بھروسہ پر چھوڑ کر تعمیل ارشاد کرتے ہوئے ساہیوال چلا گیا وہاں اللہ تعالیٰ کے فضل سے اور حضور کی خاص دعاؤں سے خدمت سلسلہ کی زیادہ سے زیادہ توفیق ملتی رہی۔ حضور کی فرمودہ وقف عارضی کی تحریک بڑی ہی بابرکت تحریک ہے۔ میرے کام میری عدم موجودگی میں اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص فضل و کرم سے احسن طریق سے سرانجام فرمائے اور ایسے ایسے وسائل اپنے فضل سے اور حضور کی دعاؤں سے مہیا فرمائے جو میرے وہم و گمان میں بھی نہ آ سکتے تھے۔ یہ محض اللہ تعالیٰ کے فضل اور حضور پُرنور کی دعاؤں کا نتیجہ ہے اور خاکسار کو دین کو دنیا پر مقدم رکھنے کی توفیق عطا فرمائی۔ ورنہ کون ہے جو بزور بازو اس کی شفقت اور رحمت کو حاصل کر سکے۔

ایں سعادت بزور بازو نیست

یہ اللہ تعالیٰ کا فضل و احسان ہے کہ اس نے اب پھر مجھے تحریک عارضی وقف میں پندرہ یوم وقف کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔‘‘

(الفضل 5 مئی 1968ء)

وقف عارضی کی برکت سے حقہ چھوٹ گیا

مکرم مولانا بشیر احمد صاحب قمر مرحوم ناظر تعلیم القرآن لکھتے ہیں۔

حکیم مقبول احمد صاحب قائد مجلس خدام الاحمدیہ نے 1968ء میں پہلی دفعہ وقف کیا اور مقررہ مقام پر ایک دن پہلے ہی چلے گئے۔ واپسی پر جب مجھے ملے تو انہوں نے ملتے ہی مجھے مبارکباد دی۔ کہ آپ حقہ چھوڑنے کی تحریک کرتے رہتے تھے۔ میں نے حقہ چھوڑ دیا ہے اور یہ وقف عارضی کی پہلی اور بڑی برکت مجھے نصیب ہوئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ میں 25 سال سے حقہ نوشی کرتا تھا۔ اکثر اپنے مہربان بھائیوں اور بزرگوں نے حقہ نوشی ترک کرنے کی تحریک کی۔ لیکن مجھے اس کی جرأت نہ ہوتی تھی اور یہ کام بہت مشکل معلوم ہوتا تھا۔ نفس کئی بہانے بتاتا تھا۔ آخر وہ وقت آ گیا۔ کہ میں اس لعنت سے بچ گیا۔ وہ اس طرح کہ جس دن میں وقف عارضی کے سلسلہ میں چک دھیرو کے پہنچا۔ تو ایک دوست حقہ لے کر آئے اور میں نے پیا۔ اگرچہ میں اپنا سامان بھی لے کر گیا تھا۔ جس چیز نے مجھے سب سے زیادہ حقہ چھوڑنے پر مجبور کیا وہ وقف عارضی کی یہ شرط یا قید تھی کہ کسی مقامی دوست سے کچھ کھانا پینا نہیں اور نہ ان کی تکلیف کا موجب بننا ہے۔ اس شرط کے ذہن میں آنے سے میرے دل میں شدت سے یہ احساس پیدا ہوا کہ ان کے ساتھ حقہ پینا بھی اس شرط کی روح کے خلاف ہے اور یہ خلاف ورزی میری حقہ نوشی کی عادت کے نتیجہ میں ہو رہی ہے۔ جس کو میں معمولی سمجھ کر نظر انداز کر رہا ہوں۔ اس خیال کے ساتھ ہی دل میں سخت ندامت پیدا ہوئی اور میں نے حقہ کا رخ دوسری طرف پھیر کر عزم کیا کہ حقہ نہیں پیئوں گا۔ اس طرح میں نے اس بیماری سے نجات حاصل کی اور یہ وقف عارضی میرے لئے بڑی برکت کا موجب ہوا۔

(الفضل 5 ستمبر 1968ء)

مونگ کے جاں نثاروں کی نذر

سر زمین مونگ تیرے جاں نثاروں کو سلام
جن کے پاکیزہ لہو سے تو ہوئی عالی مقام

خون کی ہولی خدا کے گھر میں جو کھیلی گئی
اس کے صدقے بن گئی تو مرجع ہر خاص و عام

چند سفاکوں نے نہلایا تجھے جب خون سے
آسماں بھی آ گیا غصہ میں بہر انتقام

اس گھناؤنے فعل سے تھرا گئے دشت و جبل
دے رہے تھے درحقیقت وہ ہدایت کا پیام

زندہ باد اے راہ حق کے جاں نثارو زندہ باد
جان کے نذرانے دے کے پا لیا جنت مقام

رشک کے لائق ہے اہل مونگ کا صبر و رضا
اٹھتی ہیں ان کے لئے دل سے دعائیں صبح و شام

رائیگاں نہ جائیں گی شبیر یہ قربانیاں
حشر کے دن یہ بتائیں گی جفا کاروں کے نام

چوہدری شبیر احمد

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

جماعتی تنظیموں اور جلسہ سالانہ کے متعلق حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی تحریکات

تحریک جدید دفتر سوم، وقف جدید دفتر اطفال، انصاراللہ صف دوم، اطفال معیار کبیر اور جلسہ سالانہ کے لئے متعدد تحریکات کا اجراء

عبدالسمیع خان

تحریک جدید کے متعلق

تحریک جدید دفتر سوم کا اجراء

تحریک جدید کے ابتدائی چندہ دہندگان جنہوں نے 1934ء تا 1944ء میں شرکت کی وہ دفتر اول کے مجاہدین کہلائے یہ 5 ہزار تھے۔ 1944ء میں حضرت مصلح موعود نے دفتر دوم کا اجراء فرمایا اور نئے شاملین اس کے ممبر بنتے گئے۔ ان کی تعداد 1965ء تک 20 ہزار تک پہنچ گئی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے 22/اپریل 1966ء کو تحریک جدید کے دفتر سوم کا اجراء فرمایا۔ حضور نے فرمایا:۔

''میں چاہتا ہوں کہ اب دفتر سوم کا اجراء کردیا جائے لیکن اس کا اجراء یکم نومبر 1965ء سے شمار کیا جائے گا، کیونکہ تحریک جدید کا سال یکم نومبر سے شروع ہوتا ہے۔ اس طرح یکم نومبر 1965ء سے 31/اکتوبر 1966ء تک ایک سال بنے گا۔ میں اس لئے ایسا کررہا ہوں تاکہ دفتر سوم بھی حضرت مصلح موعود کی خلافت کی طرف منسوب ہو اور چونکہ اللہ تعالیٰ مجھے اس اعلان کی توفیق دے رہا ہے اس لئے میں اپنے رب سے امید رکھتا ہوں کہ وہ مجھے بھی اپنے فضل سے ثواب عطا کرے گا اور اپنی رضا کی راہیں مجھ پر کھولے گا''۔

(خطبات ناصر جلد اول ص228)

پھر فرمایا:۔

''تمام جماعتوں کو ایک باقاعدہ مہم کے ذریعہ نوجوانوں، نئے احمدیوں اور نئے کمانے والوں کو دفتر سوم میں شمولیت کے لئے تیار کرنا چاہئے''۔

(الفضل 27/اپریل 1966ء)

وقف جدید سے متعلق

معلمین کے لئے تحریک

1966ء تک وقف جدید میں 81 معلمین تھے جن میں زیر تعلیم واقفین بھی شامل تھے۔ حضور نے خطبہ جمعہ 7/اکتوبر 1966ء میں یہ تعداد 100 تک پہنچانے کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا:۔

میں چاہتا ہوں کہ اگلے سال واقفین وقف جدید کی کلاس میں جو جنوری 1967ء سے شروع ہوگی۔ کم ازکم ایک سو واقفین ہوجائیں اور جماعت کو چاہئے کہ وہ اس طرف متوجہ ہو۔

اساتذہ کی ایک تعداد ہر سال ریٹائر ہوتی ہے۔ اگر وہ خاص طور پر اس طرف توجہ دیں تو وہ بہت مفید ہوسکتے ہیں۔ اگر پنشن یافتہ اساتذہ اپنی بقیہ عمر وقف جدید میں وقف کریں تو ہمیں زیادہ اچھے اور تجربہ کار واقفین مل سکتے ہیں۔ بشرطیکہ وہ خلوص نیت رکھنے والے ہوں اپنے اندر قربانی کا مادہ رکھنے والے ہوں۔ دنیا کی محبت ان کے دلوں میں سرد ہوچکی ہو۔ وہ خداتعالیٰ کی طرف منہ کرکے اپنی بقیہ زندگی گزارنے کی متمنی اور خواہاں ہوں اور دنیا، شیطان اور دنیوی آرام اور آسائشوں کی طرف پیٹھ کرکے اپنی بقیہ زندگی کے دن گزارنے کے لئے تیار ہوں۔ وہ باپ کی طرح تربیت کرنے والے ہوں۔ یعنی محبت، پیار، اخلاص، ہمدردی اور غمخواری کے ساتھ تربیت کرنے والے ہوں۔ ایسے اساتذہ اگر ہمیں مل جائیں تو ممکن ہے ہم انہیں یہاں ایک سال کی بجائے چند ماہ تعلیم دے کر جماعتوں میں کام کرنے کے لئے بھجواسکیں۔ (خطبات ناصر جلد اول ص418)

اسی ضمن میں حضور نے بجٹ میں اضافہ کا بھی مطالبہ فرمایا۔

وقف جدید دفتر اطفال

7/اکتوبر 1969ء کو حضور انور نے وقف جدید کے دفتر اطفال کے قیام کا اعلان کیا۔ اس کا پس منظر بیان کرتے ہوئے فرمایا:۔

میں آج احمدی بچوں (لڑکوں اور لڑکیوں) سے اپیل کرتا ہوں کہ اے خدا اور اس کے ...... کے بچو! اٹھو اور آگے بڑھو اور تمہارے بڑوں کی غفلت کے نتیجہ میں وقف جدید کے کام میں جو رخنہ پڑ گیا ہے اسے پُر کردو اور اس کمزوری کو دور کردو جو اس تحریک کے کام میں واقع ہوگئی ہے۔

کل سے میں اس مسئلہ پر سوچ رہا تھا۔ میرا دل چاہا کہ جس طرح ہماری بہنیں بعض بیوت کی تعمیر کے لئے چندہ جمع کرتی ہیں اور سارا ثواب مردوں سے چھین کر اپنی جھولیوں میں بھرلیتی ہیں۔ وہ اپنے باپوں، اپنے بھائیوں، اپنے خاندان اپنے دوسرے رشتہ داروں یا دوسرے احمدی بھائیوں کو اس بات سے محروم کردیتی ہیں کہ اس (بیت) کی تعمیر میں مالی قربانی کرکے ثواب حاصل کرسکیں۔ اسی طرح اگر خداتعالیٰ احمدی بچوں کو توفیق دے تو جماعت احمدیہ کے بچے وقف جدید کا سارا بوجھ اٹھالیں لیکن چونکہ سال کا بڑا حصہ گزر چکا ہے اور مجھے ابھی اطفال الاحمدیہ کے صحیح اعداد وشمار بھی معلوم نہیں اس لئے میں نے سوچا کہ آج میں اطفال الاحمدیہ سے صرف یہ اپیل کروں کہ اس تحریک میں جتنے روپے کی ضرورت تھی اس میں تمہارے بڑوں کی غفلت کے نتیجہ میں جو کمی رہ گئی ہے اس کا بار تم اٹھالو اور پچاس ہزار روپیہ اس تحریک کے لئے جمع کرو۔

(خطبات ناصر جلد2 ص419)

پھر فرمایا:۔

پس اے احمدیت کے عزیز بچو! اٹھو اور اپنے ماں باپ کے پیچھے پڑ جاؤ اور ان سے کہو کہ ہمیں مفت میں ثواب مل رہا ہے۔ آپ ہمیں اس سے کیوں محروم کررہے ہیں۔ آپ ایک اٹھنی ماہوار ہمیں دے دیں کہ ہم اس فوج میں شامل ہوجائیں۔ جس کے متعلق اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ دلائل وبراہین اور قربانی اور ایثار اور فدائیت اور صدق وصفا کے ذریعہ (دین) کو باقی تمام ادیان پر غالب کرے گی۔ تم اپنی زندگی میں ثواب لوٹتے رہے ہو اور ہم بچے اس سے محروم رہے ہیں۔ آج ثواب حاصل کرنے کا ایک دروازہ ہمارے لئے کھولا گیا ہمیں چند پیسے دو کہ ہم اس دروازہ میں سے داخل ہوکر ثواب کو حاصل کریں اور خداتعالیٰ کی فوج کے ننھے منے سپاہی بن جائیں۔

(خطبات ناصر جلد2 ص421)

چنانچہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے دفتر اطفال وقف جدید مضبوط بنیادوں پر قائم ہوگیا اور باقاعدہ اس میدان میں بھی مقابلہ ہوتا ہے۔ چنانچہ 12 جنوری 2007ء کو وقف جدید کے نئے سال کا اعلان کرتے ہوئے حضور نے فرمایا کہ پاکستان میں دفتر اطفال میں اول لاہور دوم کراچی اور سوم ربوہ رہا۔

(الفضل 6 مارچ 2007ء ص6)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ 12 جنوری 2007ء میں وقف جدید کے نئے سال کا اعلان کرتے ہوئے دفتر اطفال کو پاکستان سے باہر وسیع کرنے کا اعلان کیا۔

(الفضل 6 مارچ 2007ء)

ایک لاکھ روپے کی خصوصی تحریک

حضور نے 18 جنوری 1974ء کے خطبہ جمعہ میں سندھ میں دعوت الی اللہ کے لئے جماعت کو معمول سے زیادہ ایک لاکھ روپیہ پیش کرنے کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا:۔

گذشتہ سال وقف جدید کے چندہ میں پچاس ہزار کچھ سو روپے کا اضافہ تھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر جماعت ہمت کرے اور اس سال یعنی سال رواں میں جو یکم جنوری سے شروع ہوا ہے۔ جس کا اس وقت میں اعلان کررہا ہوں۔ ایک لاکھ روپیہ مزید دے اور وقف جدید کو میں کہوں گا کہ جو آپ کی زائد آمدنی ہو اسے اس علاقہ میں خرچ کریں جہاں ہندو ...... ہورہے ہیں تو آپ کے لئے بڑی برکت کا باعث ہے اور ...... کے لئے بڑی خوشی کا باعث ہے۔ ...... پس اس اعلان کے ساتھ میں وقف جدید کے نئے سال کی ابتداء کا اعلان کرتا ہوں اس امید پر کہ جماعت ایک لاکھ روپیہ زائد چندہ اس وقف جدید کے انتظام کو دے گی اور اس ہدایت کے ساتھ کہ وقف جدید والے اس کا بڑا حصہ اس علاقے میں خرچ کریں گے جہاں ہندو بستے ہیں اور اس وقت ان کی توجہ ...... کی طرف ہے اور اس توکل اور امید کے ساتھ کہ اللہ تعالیٰ ہماری اس کوشش کو قبول کرے گا اور ان اچھوتوں پر رحم کرے گا جن کو ان کے اپنے مذہب والوں نے دھتکار دیا اور جن کو اپنی آغوش میں لینے کے لئے ...... اپنے بازو پھیلائے ان کی طرف بڑھ رہا ہے۔

(خطبات ناصر جلد5 ص391,390)

رضا کار معلمین کے لئے تحریک

حضور نے خطبہ جمعہ 2 جنوری 1976ء میں وقف جدید کے رضا کار معلمین کے لئے تحریک کرتے ہوئے فرمایا:۔

''جماعت خداتعالیٰ کے فضل سے بڑھ رہی ہے اور نئی جماعتیں قائم ہو رہی ہیں۔ ابھی ہم پرانی جماعتوں کو بھی ان کی تعداد کے لحاظ سے پورے معلم نہیں دے سکے۔ اس وقت جتنے معلم ہیں ان پر جو خرچ ہورہا ہے اگر ہمارے معلموں کی تعداد بڑھ جائے اور اسی نسبت سے ان پر خرچ ہو یعنی ضرورت کے مطابق اگر ہم ہر جماعت میں ایک معلم رکھیں تو اس کام پر ہمیں 30,25 لاکھ روپیہ خرچ کرنا پڑے گا۔ موجودہ حالات میں وقف جدید اس بار کی متحمل نہیں ہوسکتی۔ اس لئے آج میں وقف جدید کا ایک نیا دفتر ایک نیا باب کھولتا ہوں اور اس کا اعلان کرتا ہوں۔ ہر جماعت کا ایک یا ایک سے زائد فرد جو کہ کچھ لکھا پڑھا ہو اپنے آپ کو پیش کرے اور جو گزارہ ہم معلمین کو دیتے ہیں وہ گزارہ بھی وہ نہ لیں۔ ...... بلکہ اپنا کام کریں اور اپنے گاؤں میں رہ کر اپنی جماعت کو علمی معلومات بہم پہنچائیں۔ وہ شاید اکٹھا ایک سال مرکز میں رہ کر تعلیم حاصل نہ کرسکیں لیکن وہ ایسے واقفین رضا کار تین مہینے کے لئے یہاں آئیں اور تین مہینے کا ایک کورس کرکے واپس چلے جائیں پھر دو یا تین مہینے کے لئے آئیں اور ایک اور کورس کرلیں اور اس طرح ہم ان کو کم ازکم اس معیار پر لے آئیں

جس معیار پر آج وقف جدید کا معلم پہنچا ہوا ہے اور میرے نزدیک وقف جدید کا معلم بھی اس معیار پر نہیں ہے جس معیار پر جماعت احمدیہ کے معلم کو ہونا چاہئے۔

بہرحال ہر گاؤں سے اور ہر جماعت سے اس قسم کے آدمی نکلیں اور اگر بعض جماعتیں چھوٹی ہیں تو ان کے گرد جو بڑی جماعتیں ہیں وہ ایک سے زائد آدمی دیں اور ان کے ذمہ یہ لگایا جائے تم ہفتے میں کم ازکم ایک دن ساتھ والی جماعت میں جاؤ وہ کوئی دن مقرر کرلیں بہرحال ساتواں دن وہ ساتھ والی جماعت میں دیں۔...... ان کے لئے ایسے دینی نصاب ہونے چاہئیں کہ ہم ان کو کم ازکم اتنا نصاب سکھا دیں کہ جب وہ دوسری دفعہ ایک مہینے کے لئے آئیں تو اس عرصہ تک وہ گزارہ کرلیں کیونکہ آداب ......اور اخلاق ...... سکھانے کی جس مہم کا اور جس عظیم علمی جہاد کا میں نے جلسہ سالانہ پر اعلان کیا ہے اس کو ہم ایک دو دن میں تو پورا نہیں کر سکتے۔ اس کی تو تیاری کے لئے بھی وقت لگے گا اور پھر چوکس رہ کر اس کے لئے محنت کرنی پڑے گی"۔ (خطبات ناصر جلد 6 ص 274)

چنانچہ وقف جدید نے 3,3 ماہ کی کلاسیں جاری کیں اور احباب جماعت نے تربیت پا کر اپنی جماعتوں میں تعلیم وتربیت کے سلسلہ کو عمدگی سے آگے بڑھایا۔

ذیلی تنظیموں سے متعلق

حضور نے جماعت کی ذیلی تنظیموں کو مضبوط کرنے اور ان کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لئے سالانہ اجتماع انصاراللہ 1973ء کے موقع پر بعض اہم انتظامی تبدیلیاں فرمائیں۔ حضور نے 10 نومبر 1973ء کو فرمایا:۔

انصاراللہ صف دوم

آئندہ انصاراللہ کے اراکین دو حصوں پر مشتمل ہوا کریں گے یعنی (الف) صف اول جس میں 55 سال سے زائد عمر کے انصار شامل ہوں گے۔ (ب) صف دوم جو 40 سال سے 55 سال تک کی عمر کے انصار پر مشتمل ہوگی۔

صدر مجلس انصاراللہ مرکزیہ کے ساتھ میں ایک عہدہ نائب صدر کا مقرر کرتا ہوں جس کی عمر 40 اور 47 برس کے درمیان ہونا ضروری ہوگی۔

حضور نے فرمایا کہ ایک خادم چالیس سال کے بعد اگلے دن جب انصاراللہ میں شامل ہوتا ہے تو وہ اپنے آپ کو بوڑھا سمجھنے لگتا ہے اس لئے 40 سے 55 سال تک کی عمر کے انصار کی ایک الگ تنظیم ہوگی۔ ان کے سپرد وہی کام کئے جائیں جو خدام الاحمدیہ کے سپرد ہیں مثلاً ورزش میں باقاعدگی اور سائیکل سفر میں حصہ لینا اور سروے سکیم میں خدام کے ساتھ جانا۔ حضور نے ان کے لئے "جوانوں کے جوان" کی اصطلاح وضع فرمائی۔ نیز انصاراللہ کی تنظیم اور ان کے کاموں کو تیز سے تیز کرنا ان کی ذمہ داری قرار دیا۔

(الفضل 11 نومبر 1973ء)

اطفال معیار کبیر

اسی اجتماع پر حضور نے اطفال الاحمدیہ کی تنظیم کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا 7 سال سے 11 سال تک کے اطفال کے لئے معیار صغیر اور 12 سال سے 15 سال تک کے اطفال کے لئے معیار کبیر مقرر فرمایا۔ معیار کبیر کے اطفال کے لئے سائیکل سفر اور سائیکل سروے اور وقار عمل میں حصہ لینا ضروری قرار دیا گیا۔ اس معیار کو حضور نے خدام الاحمدیہ کے لئے نرسری قرار دیا۔ تاکہ تین سال کے عرصہ میں وہ خدام الاحمدیہ کے کاموں اور ذمہ داریوں سے پوری طرح واقف ہو جائیں اور جب وہ خادم بنیں تو ان کو نئے سرے سے ٹریننگ نہ دینی پڑے بلکہ وہ پہلے ہی سے تربیت یافتہ ہوں۔

جلسہ سالانہ کے لئے تحریکات

مہمان خانہ کی تحریک

1972ء میں تعلیمی اداروں کے قومیائے جانے کی وجہ سے جلسہ سالانہ کے ایام میں جلسہ کے مہمانوں کو ٹھہرانے کے لئے مشکلات کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ ربوہ کے تعلیمی اداروں کے قیام کے وقت جلسہ سالانہ کے مہمانوں کی وہاں رہائش کی ضرورت بھی مدنظر تھی۔ قومی تحویل میں لئے جانے کے بعد حضور نے جلسہ سالانہ کے مہمانوں کی رہائش کے لئے بیرکس تعمیر کرنے کی تحریک فرمائی۔ حضور نے خطبہ جمعہ 2 جنوری 1976ء میں فرمایا:۔

"میں سمجھتا ہوں کہ جماعت کو جلسہ کے مہمانوں کے لئے آئندہ جلسہ سے پہلے کئی ہزار مربع فٹ جگہ شاید 50,40 ہزار مربع فٹ جگہ تعمیر کرنی پڑے گی۔ خواہ وہ عارضی بیرکوں کی شکل میں ہی کیوں نہ ہو۔ اس سلسلہ میں ابھی سے سوچ کر اور جو سکیم بھی بنے اس کے مطابق جلسے سے قبل اس کو تیار کر دینا چاہئے کیونکہ اس سال مہمان جو کہ اہل ربوہ کے لئے برکتوں اور رحمتوں کی یاد دلانے والے ہیں وہ اپنے کناروں سے اس طرح چھلکے ہیں کہ سال میں عام طور پر جس شرح سے مکان بنتے ہیں اور جتنے مکان بنتے ہیں وہ ان کو نہیں سنبھال سکے۔ ...... دوست دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہماری راہ سے ان روکوں کو دور کر دے اور ہمارے ملک میں پیار کی فضا پیدا کرے اور جماعت کو یہ توفیق دے کہ وہ آنے والوں کے لئے مکانیت کی جو کم سے کم ضرورت ہے اس حد تک تو تعمیر کریں خواہ وہ ہٹس (Huts) ہوں یا بیرکس ہوں یا جو مرضی ان کا نام رکھ لیں۔ بڑی بڑی عمارتیں اور لنٹل کی چھتیں نہ ہوں"۔

(خطبات ناصر جلد 6 ص 271)

مکانیت میں اضافے کی تحریک

اسی طرح 1974ء میں جب پاکستان میں جماعت احمدیہ کو بیخ و بن سے اکھاڑنے کی کوششیں شروع ہو رہی تھیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کو الہام ہوا وسع مکانک انا کفیناک ...... یعنی اپنے مکان کو وسیع کر، ہم استہزاء کرنے والوں کے مقابلہ میں تیرے لئے کافی ہیں۔

حضور نے خطبہ جمعہ یکم نومبر 1974ء میں فرمایا:۔

مَیں اُمید کرتا ہوں کہ جلسہ پر آنے والوں کی تعداد پچھلے سال کی نسبت زیادہ ہوگی انشاءاللہ اور ان ہنگاموں کے دنوں میں جنہوں نے مکان بنانے تھے وہ بھی نہیں بنوا سکے ہر سال مکان بنتے رہتے ہیں۔ بیسیوں، بعض دفعہ سینکڑوں بن جاتے ہیں اس لئے مَیں یہ تحریک کرنا چاہتا ہوں کہ ہر وہ شخص جس کے پاس زمین ہو لیکن اُس نے ابھی تک مکان نہ بنایا ہو وہ قانونی اجازت لے کر فوری طور پر جلسہ سے قبل اپنی زمین میں اگر ممکن ہو تو دو تین فٹ کی چاردیواری بھی بنالے اور اگر یہ اُس کے لئے ممکن نہ ہو تو ایک کمرہ بنا لے اس نیت کے ساتھ کہ جلسہ کے مہمان وہاں ٹھہریں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے اُس مکان میں اس خلوص نیّت کی وجہ سے بہت برکتیں دے گا۔ پس آج ہی یہ کام شروع کر دو یعنی آج سے مراد ہے جس کے کان میں جس دن یہ آواز پہنچے۔ کمرہ بنانا ہے بے شک ایسا بنا دیں جس کی آپ کو بعد میں ضرورت نہ ہو یا جو امیر لوگ ہیں وہ اپنے کام کرنے والوں کے لئے کمرے بناتے ہیں۔ بے شک کچے کمرے بنا دیں مگر مہمانوں کے لئے بنائیں اور قانونی اجازت لے کر بنائیں۔

میری اس تحریک کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ جس دن قومی اسمبلی کے سارے ایوان پر مشتمل خصوصی کمیٹی بنی اُس دن جب اعلان ہوا کہ اس کمیٹی کا اجلاس In-camera یعنی خفیہ ہوگا۔ اس بات نے کہ اجلاس خفیہ ہوگا مجھے پریشان کیا اور اس اطلاع کے ملنے کے بعد سے لے کر اگلے دن صبح چار بجے تک مَیں بہت پریشان رہا اور مَیں نے بڑی دُعائیں کیں۔ یہ بھی دُعا کی کہ اے خُدا خفیہ اجلاس ہے پتہ نہیں ہمارے خلاف کیا تدبیر کی جائے۔ تیرا حُکم ہے کہ مَیں مقابلہ میں تدبیر کروں تیرا حُکم ہے مَیں کیسے مانوں۔ مجھے پتہ ہی نہیں اُن کی تدبیر کیا ہے تو ان حالات میں مَیں تیرا حُکم نہیں مان سکتا۔ بتائیں کیا کروں۔ سورۂ فاتحہ بہت پڑھی اھدنا الصراط ...... بہت پڑھا۔ ان الفاظ میں دُعا بہت کی اور صبح اللہ تعالیٰ نے بڑے پیار سے مجھے یہ کہا وَسِّعْ مَكَانَكَ۔ اِنَّا كَفَيْنَاكَ ...... کہ ہمارے مہمانوں کا تم خیال کرو اور اپنے مکانوں میں مہمانوں کی خاطر وسعت پیدا کرو اور جو یہ منصوبے جماعت کے خلاف ہیں ان منصوبوں کے دفاع کے لئے تیرے لئے ہم کافی ہیں تو تسلی ہوئی۔ وَسِّعْ مَكَانَكَ جو خاص طور پر کہا گیا اس لئے میرا فرض تھا کہ جماعت کو کہوں کہ وسعتیں پیدا کرو۔ جو اپنے مکانوں میں کمرے بڑھانا چاہتے تھے وہ بنائیں اور ہر پلاٹ میں جلسہ کے مہمانوں کو ایک کمرہ بنا دو۔ رہائش کے لئے عارضی طور پر انہیں تحفہ دو اور عارضی تحفہ کے نتیجہ میں اپنے لئے ابدی ثواب کے حصول کے سامان پیدا کرو اللہ تعالیٰ سب کو نیکیوں کی توفیق عطا کرے۔ (آمین)

(روزنامہ الفضل ربوہ 11 دسمبر 1974ء صفحہ 2 تا 6)

(خطبات ناصر جلد 5 ص 709)

جلسہ سالانہ پر ممالک بیرون سے وفود کی آمد کی تحریک

حضور نے 19 اکتوبر 1973ء کے خطبہ جمعہ میں فرمایا:۔

آج میں یہ اعلان کرنا چاہتا ہوں کہ دنیا میں بسنے والی تمام احمدی جماعتیں جلسہ سالانہ کے موقع پر اپنی اپنی جماعت کی طرف سے وفود بھجوایا کریں جو جلسہ سالانہ میں شریک ہوں۔ یہاں کی تصاویر لیں یہاں کے حالات دیکھیں، جماعت احمدیہ پر خدا تعالیٰ کی جو بے شمار رحمتیں نازل ہو رہی ہیں ان کو دیکھیں، ان کے متعلق سنیں اور ان کو نوٹ کریں اور پھر اپنے اپنے ملک میں جا کر ان کو بیان کریں۔ یعنی اپنی اپنی جماعت کے احباب کو بتائیں کہ ہم جلسہ سالانہ پر گئے وہاں ہم نے یہ دیکھا اور یہ سنا کہ کس طرح دنیا میں ایک حرکت پیدا ہو رہی ہے کتنی خوش کن تبدیلیاں واقع ہو رہی ہیں اور کس طرح اللہ تعالیٰ جماعت احمدیہ کو غلبۂ ...... کی مہم میں کامیاب کرنے کے لئے اپنے فضل سے اس پر اپنی عنائتیں اور رحمتیں نازل کر رہا ہے......

اس سلسلہ میں کچھ ہمیں بھی یہاں انتظام کرنا پڑے گا۔ مثلاً سلائیڈز کا انتظام کرنا پڑے گا۔ کچھ ان لوگوں کو انتظام کرنا پڑے گا مثلاً بڑی سکرین کا جس پر ٹرانس پیرنسی یعنی خاموش تصاویر دکھائی جاتی ہیں۔......

دیکھیں اور حالات معلوم کریں۔ جلسہ سالانہ والوں کو چاہیئے کہ وہ پہلے سے ایک چھوٹا سا رسالہ (چار ورقہ ہو یا اس سے زیادہ کا ہو کیونکہ کاغذ وغیرہ کی کمی نہیں ہے) شائع کریں اور باہر سے آنے والوں کے لئے اسے انگریزی میں طبع کروائیں۔ جس میں جلسہ سالانہ کے سارے انتظامات کا تعارف کروایا گیا ہو مثلاً اتنے لنگر خانے ہیں، اتنے آدمیوں کو پچھلے سال کھانا کھلایا گیا تھا اور اب اس سال اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس سے بڑھ کر کھلایا جائے گا وغیرہ وغیرہ تاکہ جو دوست باہر سے آئیں وہ یہ اطلاعات لے کر جائیں۔ پھر اس کے علاوہ جو کچھ وہ خود دیکھیں۔ عقائد کے متعلق دلائل سنیں۔ واقعات کے متعلق میرا تبصرہ سنیں جو ساری جماعت کے بارہ میں میری پہلی تقریر میں ہوتا ہے۔ پھر علومِ قرآنی جو موجودہ مسائل کو حل کرنے والے ہیں۔ وہ ان کے کانوں میں پڑیں اور واپس جا کر اپنی اپنی جماعت میں اپنے تاثرات بیان کریں۔

اسی ضمن میں حضور نے ان کے لئے ترجمانی اور مناسب قیام وطعام کا انتظام کرنے کا بھی ارشاد فرمایا۔

(خطبات ناصر جلد 5 ص 267 تا 278)

گیسٹ ہاؤسز کی تحریک

حضور نے خطبہ جمعہ 7 دسمبر 1973ء میں فرمایا:

’’بیرون ممالک سے آنے والے وفود کے لئے ان کے مناسب حال گنجائش ہونی چاہئے ...... ہم اللہ تعالیٰ کی توفیق سے مرکز کی طرف سے مہمان خانہ ان لوگوں کے مناسب حال بنوانے کا ارادہ رکھتے ہیں جس میں کھانے اور بیٹھنے کے کمروں کے علاوہ آٹھ رہائشی کمرے ہوں گے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر مجالس انصاراللہ اور خدام الاحمدیہ اور لجنہ اماء اللہ کوشش کریں اور ہمت کریں تو یہ بھی تین یا چار سونے کے کمروں والے مہمان خانے اپنی تنظیم کے ماتحت ایسے بنا سکتے ہیں کہ جلسہ سالانہ کے موقع پر یا بعض دیگر ضروریات کے مواقع پر انہیں بھی سلسلہ کے کاموں کے لئے استعمال کیا جاسکے۔ (خطبات ناصر جلد 5 ص 353)

اسی ضمن میں حضور نے خطبہ جمعہ 5 نومبر 1976ء میں فرمایا:

’’میں امریکہ کا دورہ کرکے آیا ہوں وہاں سے جلسہ سالانہ پر وفود آتے ہیں اس سلسلہ میں بعض باتیں مجھے بتائی گئیں۔ بعض کی اصلاح کی ضرورت تھی ان کے متعلق میں نے بات کی۔ میں نے ان سے کہا کہ تم اگر ہزاروں کی تعداد میں آؤ تب بھی تم ہمارے سینوں کو وسیع پاؤ گے۔ ہم تمہاری میزبانی کریں گے ہم تمہارا خیال رکھیں گے۔ جن چیزوں کی تمہیں عادت ہے ہم اس میں تمہیں سہولت پہنچانے کی کوشش کریں گے لیکن بعض چیزیں ایسی ہیں کہ وہ ہم نہیں کرسکیں گے اور تم بھی خوش ہوگے مثلاً اب ہم تمہیں چارپائی دیتے ہیں لیکن جب تم کثرت سے آؤ گے تو ہم تمہیں کہیں گے کہ دوسرے احمدیوں کی طرح زمین پر کسیر بچھا کر تم بھی لیٹو تم بھی لیٹو گے اور خوشی سے لیٹو گے اور شکر کرو گے واپس جا کر ہمیں خدا تعالیٰ کی باتیں سننے کی خاطر خدا نے ہمیں یہ چھوٹی سی تکلیف برداشت کرنے کی توفیق دے دی۔ (خطبات ناصر جلد 6 ص 572)

حضور کی تحریک پر نہ صرف ربوہ کے عام رہائشیوں نے اپنے مکانوں میں اضافہ کیا۔ بلکہ جماعتی طور پر بھی نئی تعمیرات ہوئیں۔ اسی طرح غیر ملکی مہمانوں کے لئے جدید طرز کے گیسٹ ہاؤسز تعمیر کئے گئے۔ ان کی کسی قدر تفصیل یہ ہے۔

سرائے محبت گیسٹ ہاؤس صدر انجمن احمدیہ
سرائے فضل عمر۔ گیسٹ ہاؤس تحریک جدید
سرائے خدمت۔ گیسٹ ہاؤس خدام الاحمدیہ
سرائے ناصر نمبر 1، 2، 3۔ گیسٹ ہاؤس انصاراللہ
گیسٹ ہاؤس لجنہ، وقف جدید
دارالضیافت کی توسیع
مردانہ مہمان خانہ۔ بیرکس عقب بیت اقصیٰ
زنانہ مہمان خانہ۔ برائے مستورات
مہمان خانہ جماعت کراچی و راولپنڈی

ان کے علاوہ قصر خلافت میں مہمانوں کے لئے وسیع ہال تعمیر کئے گئے ربوہ میں نئی بیوت الذکر اور دفاتر تعمیر ہوئے۔

ہجرت کے پُرآشوب دور میں ان سب عمارات میں اضافہ اور وسعت پیدا ہوئی ہے جو الہام الٰہی کی سچائی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

ممالک بیرون میں بھی بیوت الذکر اور مشن ہاؤسز میں معتدبہ اضافہ ہوا۔

جلسہ کے لئے بیرون ربوہ سے رضا کاروں کی تحریک

جلسہ سالانہ پر مہمانوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے مطابق ربوہ کے رضا کاروں میں اضافہ نہیں ہو رہا تھا اس لئے حضور نے خطبہ جمعہ 5 نومبر 1976ء میں فرمایا:

’’افسر صاحب جلسہ سالانہ نے مجھ سے بات کی ہے کہ ربوہ کے رضا کار اب پورے نظام جلسہ کو سنبھال نہیں سکتے۔ اس لئے میں چاہتا ہوں کہ احمدی جو ربوہ سے باہر رہتے ہیں ٹوکن کے طور پر بحیثیت جماعت اس انتظام میں شامل ہوں اور وہ احمدی بھی جو پاکستان سے باہر رہتے ہیں اور یہاں وفود کی شکل میں آتے ہیں وہ رضا کارانہ طور پر کام کریں لیکن تنظیم کے ماتحت یعنی ان کا اپنے آپ کو پیش کرنا رضا کارانہ ہوگا اور جب ان کی فہرست یہاں پہنچے گی تو وہ ایک نظام کے ماتحت ہوگی۔ مثلاً کراچی کے نوجوان رضا کارانہ طور پر اپنی خدمات جلسہ کے کام کے لئے پیش کریں لیکن کراچی کی جماعت احمدیہ (میں انصار کو نہیں کہہ رہا اور نہ خدام سے کہہ رہا ہوں) ان رضا کاروں کی فہرست مرکز میں بھجوائے گی۔ وہاں کے رضا کار جماعت احمدیہ کراچی کو اپنے نام لکھوائیں گے اور جماعت احمدیہ کراچی ہمارے پاس ان کے نام بھیجے گی۔ ہمیں زیادہ رضا کاروں کی ضرورت نہیں۔ تھوڑے سے رضا کار چاہئیں۔ کوئی چار پانچ سو کے درمیان رضا کاروں کی ضرورت ہے جو باہر سے آئیں گے اور ان کے حالات کے مطابق یہاں کے منتظمین ان کی ڈیوٹیاں لگائیں گے۔ ایک ہدایت میں نے کی ہے ضرور اور وہ یہ کہ اگر کھانا کھلانے کی ڈیوٹی ان کو دینی ہو تو سیالکوٹ کے جو رضا کار ہوں گے ان کی ڈیوٹی سیالکوٹ کی جماعتوں پر نہ لگائی جائے بلکہ سرگودھا کی جماعت پر لگائی جائے یا جھنگ کی جماعت پر لگائی جائے یا لائلپور (فیصل آباد) کی جماعتوں کو کھانا کھلانے پر لگائی جائے۔ اس طرح ان کی واقفیت اور تعارف اور تعلقات بڑھیں گے۔ میل ملاقات زیادہ ہوگی اور یہ بھی ہم ان سے ایک فائدہ اٹھائیں گے۔

(خطبات ناصر جلد 6 ص 573)

مکرم رانا مبارک احمد صاحب

لندن میں وقف عارضی اور قیام کے واقعات

یہ اگست 2004ء کی بات ہے جب خاکسار جلسہ سالانہ یوکے پر گیا۔ جلسہ سالانہ یوکے میں شمولیت کے بعد خاکسار نے سوچا۔ کہ کیوں نہ بجائے ادھر ادھر جانے کے یو۔ کے قیام کے دوران اپنے وقت کو سلسلہ کے لئے وقف کردوں کیونکہ حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہوا ہے۔

’’عزیزو! یہ دین کے لئے اور دین کی اغراض کے لئے خدمت کا وقت ہے اس وقت کو غنیمت سمجھو کہ پھر کبھی ہاتھ نہیں آئے گا‘‘۔
(کشتی نوح)

چنانچہ خاکسار نے حضور انور کی خدمت میں وقف عارضی کے لئے درخواست بذریعہ مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن ارسال کی مگر حضور جرمنی تشریف لے گئے۔ حضور ماہ ستمبر میں واپس تشریف لائے۔ تو دوبارہ 18 ستمبر تا 2/اکتوبر وقف عارضی کے لئے درخواست دی۔

جس پر حضور انور نے خوشنودی کا اظہار فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ محترم امیر صاحب یو۔ کے کو رپورٹ کریں۔ خاکسار کو اس شفقت سے اتنی زیادہ خوشی ہوئی کہ کوئی دوسرا اس مسرت کا اندازہ بھی نہیں کرسکتا خاکسار خوشی خوشی محترم امیر صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا محترم امیر صاحب نے خاکسار کے سپرد چندہ جات کے اندراج کا کام کردیا اور اس کام پر مورخہ 19 ستمبر سے 2/اکتوبر تک ادنیٰ سی خدمت سرانجام دیتا رہا۔ 3/اکتوبر 2004ء کو خاکسار کی واپسی کی فلائیٹ تھی۔ صبح امیر صاحب کے دفتر جاتا رہا اور شام تک کام کرتا رہا۔ اس طرح محض اللہ تعالیٰ کے فضل حضور اقدس کی شفقت سے حضرت مسیح موعود کے ارشاد پر عمل کرنے کی توفیق ملی۔ خاکسار کو جماعتی کام کے علاوہ سب سے زیادہ بڑا فائدہ یہ ہوا کہ حضور اقدس کی امامت میں پانچوں نمازیں باجماعت بیت الفضل لندن میں پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی اور اس سے خاکسار کو روحانی خوشی ہوئی اور حضور پرنور کو بار بار دیکھنے کا بھی موقع ملتا رہا۔ جس کا تحریر میں لانا مشکل ہے ایسے مواقع کب کسی کو ملتے ہیں۔ حضور اقدس کی اس شفقت جس کو یاد کرتا ہوں اور دل سے ہر وقت حضور اقدس کے لئے دعائیں کرتا رہتا ہوں۔ اس دوران بے شمار جماعت کے نیک لوگوں اور علماء سے ملاقات ہوتی رہی۔

خاکسار ہمیشہ پہلی صف میں بیٹھتا تھا۔ ایک دن نماز عشاء کے بعد مکرم مولانا عطاء المجیب صاحب راشد امام بیت الفضل لندن فرمانے لگے۔ کہ رانا صاحب آپ نے کل میرے ساتھ چائے پینی ہے۔ 4 بجے تشریف لے آئیں۔ دوسرے دن ان کی خدمت میں حاضر ہوا۔ کہ دس بارہ مختلف ممالک کے مشنری انچارج صاحبان انہوں نے چائے پر مدعو کئے۔ اس موقع پر اللہ تعالیٰ کی جتنی حمد کی جائے کم ہوگی۔ یہ مکرم عطاء المجیب صاحب راشد کی شفقت تھی۔ چائے کیا تھی۔ مچھلی، شامی اور بہت ساری اللہ تعالیٰ کی نعمتیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو جزا دے۔ یہ دعوت کھانے سے بڑھ کر تھی۔ جس کو اب بھی یاد کرتا ہوں تو ان کی شفقت یاد آجاتی ہے جب بھی میں بیرونی ممالک جاتا ہوں۔ وہاں کی بیت الذکر سے رابطہ ضرور کرتا ہوں اور نمازیں باجماعت پڑھنے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہوں اور وہاں کے مشنری انچارج کی خدمت میں حاضر ہوتا ہوں اور دعا اور کوشش کرکے ان کے ساتھ دورہ جات بھی کرتا ہوں۔ مکرم مولانا لئیق احمد طاہر صاحب مشنری جب وہ ساؤتھ ہال میں تھے کے ساتھ کئی ایک جماعتوں کے دورہ جات کئے اور بہت کچھ سیکھا۔ ان کے سٹال پر بھی خدمت کرتا ہوں عام طور پر وہ اس طرح کام کرتے ہیں۔ صبح تہجد کی نماز سے آغاز کرتے ہیں۔ پھر فجر کی نماز اور قرآن کریم کا درس اور سب احباب حضور انور کی خدمت میں دعا کا خط لکھتے ہیں۔ پھر ناشتہ کرکے سٹال کے مشن پر چل پڑتے ہیں دوپہر تک ڈیوٹی انجام دیتے ہیں۔

خاکسار کو جرمنی میں سٹال پر جو کہ فرینکفرٹ کے قریب ساحل پر ہے ادنیٰ سی خدمت کرنے کی توفیق ملتی رہی۔ خاکسار کی درخواست ہے کہ جب بھی احباب جماعت بیرونی ممالک جایا کریں۔ اپنے آپ کو سلسلہ کی خدمت کے لئے پیش کیا کریں۔ خاکسار نے اپنی آنکھوں سے یو۔کے۔ جرمنی فرانس۔ Lase Burg بیلجیئم، ہالینڈ، وغیرہ خود جا کر دیکھا کہ حضرت مسیح موعود کا یہ الہام کس شان کے ساتھ پورا ہوا ہے۔

’’میں تیری (دعوت) کو دنیا کے کناروں تک پہنچاؤں گا‘‘۔

دعا ہے اللہ تعالیٰ ہمیں پاکستان میں بھی اور بیرونی ممالک میں بھی وقف عارضی میں حصہ لینے کی توفیق دے۔ آمین

سب سے بڑا مندر

اینکورواٹ (Ancor Wat) کو دنیا کا سب سے بڑا مندر تسلیم کیا جاتا ہے۔ یہ کمبوڈیا کی قدیم کھیمر سلطنت کے بادشاہ سوریا ورمن نے تعمیر کروایا تھا۔ اس کی تعمیر 1150ء میں مکمل ہوئی۔ اینکورواٹ کے در و دیوار پر کندہ کاری کے نہایت نفیس نمونے ملتے ہیں اپنے حسن کے باعث اسے تاج محل کا مدمقابل بھی سمجھا جاتا ہے۔

ماخوذ

اشعار جو ضرب المثل بن گئے

بعض مصرعے اور بعض اشعار ضرب المثل بن جاتے ہیں ایسے مکمل اشعار شاعر کے نام کے ساتھ درج ذیل ہیں۔

نہیں تیرا نشیمن قصر سلطانی کے گنبد پر
تو شاہیں ہے بسیرا کر پہاڑوں کی چٹانوں میں

کے حوالے سے یہ تاثر عام پایا جاتا ہے کہ یہ علامہ اقبال کا شعر ہے جبکہ یہ شعر کسی گمنام شاعر کا ہے۔

اسی طرح امام دین گجراتی کے نام سے برصغیر میں سب آشنائی رکھتے ہیں۔ یہ بہت کم لوگوں کو معلوم ہے کہ یہ نعتیہ شعر جو آج بھی زبان زد و عام ہے ان کا ہے۔

محمدؐ کا جہاں پر آستاں ہے
زمیں کا اتنا ٹکڑا آسماں ہے

ذیل میں ضرب المثل بننے والے مصرعوں کو مکمل اشعار کی صورت میں پیش کیا گیا ہے۔

بہت شور سنتے تھے پہلو میں دل کا
جو چیرا تو اک قطرہ خوں نہ نکلا
(آتش)

یاد ماضی عذاب ہے یا رب
چھین لے مجھ سے حافظہ میرا
(اختر انصاری)

اب اداس پھرتے ہو سردیوں کی شاموں میں
اس طرح تو ہوتا ہے اس طرح کے کاموں میں
(شعیب بن عزیز)

ٹوٹا نہیں اشکوں سے ابھی ضبط کا پشتہ
پانی ابھی خطرے کے نشان تک نہیں آیا
(یزدانی جالندھری)

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام
وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا
(اکبرالہٰ آبادی)

غزل اس نے چھیڑی مجھے ساز دینا
ذرا عمر رفتہ کو آواز دینا
(صفی لکھنوی)

غم ہستی کا اسد کس سے ہو جز مرگ علاج
شمع ہر رنگ میں جلتی ہے سحر ہونے تک
(غالب)

نیرنگی سیاست دوران تو دیکھئے
منزل انہیں ملی جو شریک سفر نہ تھے
(محسن بھوپالی)

عید کا دن ہے گلے آج تو مل لے ظالم
رسم دنیا بھی ہے، موقع بھی ہے، دستور بھی ہے
(قمر بدایونی)

قسمت کی خوبی دیکھئے ٹوٹی کہاں کمند
دو چار ہاتھ جب کہ لبِ بام رہ گیا
(قائم چاندپوری)

ادائے خاص سے غالب ہوا ہے نکتہ سرا
صلائے عام ہے یاران نکتہ داں کے لئے
(غالب)

اچھی صورت بھی کیا بری شے ہے
جس نے ڈالی بری نظر ڈالی
(کیف ٹونکی)

میں اکیلا ہی چلا تھا جانب منزل مگر
لوگ ساتھ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا
(مجروح سلطان پوری)

ہیں کواکب کچھ نظر آتے ہیں کچھ
دیتے ہیں دھوکہ یہ بازی گر کھلا
(غالب)

الجھا ہے پاؤں یار کا زلف دراز میں
لو آپ اپنے دام میں صیاد آ گیا
(مومن)

وجود زن سے ہے تصویر کائنات میں رنگ
اسی کے ساز سے ہے زندگی کا سوز دروں
(علامہ اقبال)

پھرتے ہیں میر خوار کوئی پوچھتا نہیں
اس عاشقی میں عزت سادات بھی گئی
(میر تقی میر)

لائے اس بت کو التجا کرکے
کفر ٹوٹا خدا خدا کرکے
(پنڈت دیا شنکر نسیم)

بجا کہے جسے عالم اسے بجا سمجھو
زبان خلق کو نقارہ خدا سمجھو
(ابراہیم ذوق)

یہ عجیب ماجرا ہے کہ بروز عید قرباں
وہی ذبح بھی کرے ہے، وہی لے ثواب الٹا
(مصحفی)

ہر نفس عمر گزشتہ کی ہے میت فانی
زندگی نام ہے مر مر کے جئے جانے کا
(فانی بدایونی)

رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج
مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہو گئیں
(غالب)

عمر گزری ہے اسی دشت کی سیاحی میں
پانچویں پشت ہے شبیر کی مداحی میں
(میر انیس)

دل کے پھپھولے جل اٹھے سینے کے داغ سے
اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے
(مہتاب رائے تاباں)

خرد کا نام جنوں پڑ گیا جنوں کا خرد
جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے
(حسرت موہانی)

پھول تو دو دن بہار جانفزا دکھلا گئے
حسرت ان غنچوں پہ ہے جو بن کھلے مرجھا گئے
(ابراہیم ذوق)

خط ان کا بہت خوب عبارت بہت اچھی
اللہ کرے زور قلم اور زیادہ
(داغ)

اتنی نہ بڑھا پاکی داماں کی حکایت
دامن کو ذرا دیکھ ذرا بند قبا دیکھ
(شیفتہ)

آپ ہی اپنی اداؤں پہ ذرا غور کریں
ہم اگر عرض کریں گے تو شکایت ہو گی
(میروزیر علی صبا)

عقل آرائی و تدبیر سے کیا ہوتا ہے
وہی ہوتا ہے جو منظور خدا ہوتا ہے
(ارشاد لکھنوی)

ہم طالب شہرت ہیں ہمیں ننگ سے کیا کام
بدنام اگر ہوں گے تو کیا نام نہ ہو گا
(مصطفیٰ علی خان شیفتہ)

آسماں تیری لحد پر شبنم افشانی کرے
سبزہ نورستہ اس گھر کی نگہبانی کرے
(علامہ اقبال)

وصل کا دن اور اتنا مختصر
دن گنے جاتے تھے اس دن کے لئے
(اکبرالہٰ آبادی)

اگر بخشے زہے قسمت نہ بخشے تو شکایت کیا
سر تسلیم خم ہے جو مزاج یار میں آئے
(نواب علی اصغر)

شکست و فتح نصیبوں سے تھی ولے اے میر
مقابلہ تو دل ناتواں نے خوب کیا
(میر تقی میر)

زمین چمن گل کھلاتی ہے کیا کیا
بدلتا ہے رنگ آسماں کیسے کیسے
(آتش)

نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے تھے لیکن
بہت بے آبرو ہو کر ترے کوچے سے ہم نکلے
(اسداللہ غالب)

بہت جی خوش ہوا حالی سے مل کر
ابھی کچھ لوگ باقی ہیں جہاں میں
(الطاف حسین حالی)

اور ہوں گے تری محفل سے نکلنے والے
حضرت داغ جہاں بیٹھ گئے بیٹھ گئے
(داغ دہلوی)

بچھڑا کچھ اس ادا سے کہ رت ہی بدل گئی
اک شخص سارے شہر کو ویران کر گیا
(خالد شریف)

دنیا میں قتیل اس سا منافق نہیں کوئی
جو ظلم تو سہتا ہے بغاوت نہیں کرتا
